اصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ و علی آلک واصحبک یا حبیب اللہ

# شرح وقایہ نوٹس

## سوالاً جواباً ششماہی اول

جامعۃ المدینہ
فیضانِ بہار
مدینہ کراچی

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

# شرح وقایہ نوٹس سوالاجوابا ششماہی اول

۱)قسم کا لغوی معنٰی بتائیں؟

۱)پختہ کرنا۔

۲)قسم کا اصطلاحی معنٰی؟

۲)اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کے نام یا صفت کو ذکر کر کے اپنی بات کو پختہ کرنا۔

۳)بترتّب الاحکام سے کیا مراد ہے؟

۳)مراد یہ ہے کہ کس قسم پر مواخذہ ہے اور کس پر نہیں۔لغو پر نہ کفارہ ہے نہ گناہ جبکہ غمقس پر صرف کفارہ ہے اور منعقدہ پر دونوں۔

۴)قسم کی کتنی اقسام ہیں؟ تمام کی تعریف کرتے ہوئے حکم بھی بتائیں؟

۴)قسم کی ۱۳اقسام ہیں۔

۱)یمین غموس۔

۲)یمین لغو۔

۳)یمین منعقدہ۔

**یمین غموس:** اگر کسی نے ماضی میں کسی کام کے کرنے یا ترک کرنے کی قصداً قسم کھائی تو اسے یمین غموس کہتے ہیں۔

**حکم:** یمین غموس کا حانث گناہگار ہو گا کفارہ نہ ہو گا۔

**یمین لغو:** ماضی میں کسی کام کے کرنے یا ترک کرنے کی قسم کھانا اسے حق گمان کرتے ہوئے۔

**حکم:** نہ گناہ نہ کفارہ۔

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

جامعۃ المدینہ فیضان بہار مدینہ

**یمین منعقدہ:** فعل مستقبل میں کسی کام کے کرنے یانہ کرنے کی قسم کھانا۔

حکم: گناہ و کفارہ دونوں۔

۵)کاذباً نحوی اعتبار سے کیا ہے؟

۵)یہ مصنف کا قول فحلفہ کی ضمیر سے حال بن رہا ہے۔

۶)جس طرح ماضی اور مستقبل کے زمان میں قسم کھائی جاتی ہے اسی طرح زمانہ حال کی بھی قسم ہونی چاہئے تھی؟

۶)

۷)مصنف کے قول(ولو سھوا او کرھا او حنث)کی اضاحت فرمائیں؟

۷)یمین منعقدہ میں ہر حال میں کفارہ واجب ہے اگرچہ قسم بھول کر یا مجبوراً قسم کھائی ہو تو حانث ہونے کی صورت میں کفارہ واجب ہے جبکہ شوافع کے نزدیک واجب نہیں۔

۸)کن الفاظ سے قسم واقع ہو گی اور کن سے نہیں ہو گی؟

۸)اللہ جَلَّ جَلالُہٗ کی قسم یا اللہ جَلَّ جَلالُہٗ کے ناموں میں سے کسی نام کی قسم جیسا کہ رحمٰن رحیم، یا اللہ جَلَّ جَلالُہٗ کی صفات کی قسم جیسے کہ اللہ جَلَّ جَلالُہٗ کی عزت کی قسم، جلال کی قسم، تو ان سے قسم واقع ہو جائے گی اللہ جَلَّ جَلالُہٗ کے علاوہ کی قسم اٹھانے سے قسم واقع نہیں ہو گی جیسے نبی قران وغیرہ کی قسم۔

اگر کوئی کہے کہ یا حق اللہ جَلَّ جَلالُہٗ یا حرمت اللہ جَلَّ جَلالُہٗ یا یہ کہا کہ میں قسم اٹھاؤں گا اللہ کی تو اس سے قسم واقرع نہیں ہو گی۔ اگر کوئی کہے کہ میں نے یہ کام کیا تو مجھ پت اللہ جَلَّ جَلالُہٗ کا غضب یا سختی ہو یا لعنت ہو یا میں زانی یا چور ہوں یا شرابی ہوں یا سود کھان والا ہوں تو قسم نہ ہو گی۔

۹)حرف قسم کتنے اور کون کون سے ہیں؟

۹)واؤ، باء، تاء، یہ حروف قسم ہیں۔ لام بھی حرف قسم ہے لیکن مصنف نے قلت استعمال کی وجہ سے بیان نہیں کیا۔

۱۰)قسم کا کفارہ تحریر کریں؟

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

جامعۃ المدینہ فیضان بہار مدینہ

۱۰)قسم کا کفارہ یہ ہے کہ غلام آزاد کرنا یا دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا پھر دس مسکینوں کو کپڑا پہنانا اور کپڑا اتنا ہو کہ جس سے عام طور پر جسم ڈھانپا جاتا ہو صرف شلوار کافی نہیں اور اگر یہ تینوں کام اس وقت نہیں کر سکتا تو پے در پے ۳ روزے رکھے۔

۱۱) کفارہ حانث ہونے سے پہلے ادا کرنے کے بارے میں اختلاف ائمہ بتائیں؟

۱۱)عند الامام اعظم: حانث ہونے سے پہلے کفارہ ادا نہ ہو گا۔

دلیل: قسم پورا کرنے کے لیے منعقد ہوئی ہے اور کفارہ حانث ہونے کی صورت میں واجب ہے اس سے پتا چلا کہ یمین کفارہ کا سبب نہیں ہے۔

عند الشافعی: حانث ہونے سے پہلے کفارہ ادا ہو جاے گا۔

دلیل: یمین سببِ کفارہ ہے اور حانث ہونا وجوبِ ادا کے لیے ہے شرط ہے۔ لہٰذا کفارہ حانث ہونے سے پہلے ادا کر سکتے ہیں۔

۱۲)من حلف علیٰ معصیۃ اور لا کفارۃ فی حلف کافر ان عبارات کی وضاحت کریں؟

۱۲)اگر کسی نے گناہ کے کام پر قسم کھائی جیسے والدین سے بات نہیں کروں گا تو حکم ہے کہ وہ قسم کو توڑے اور کفارہ دے، اور اگر کافر نے قسم اٹھائی تو کفارہ نہیں اگرچہ مسلمان ہونے بعد ہی حانث ہوا ہے۔

۱۳)اگر کسی نے قسم نذر مانی اور کسی چیز کے ساتھ معلق کیا یا نہ کیا ہو اس کے بارے میں وضاحت کریں؟

۱۳)اس کی چند صورتیں ہیں۔

☆ مطلق نذر مانی بغیر کسی شرط ہے جیسا کہ کہنا کہ اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کے لئے مجھ پر اس دن کا روزہ ہے۔ تو نذر پوری کرے۔

☆ اگر کسی ایسی شرط کے ساتھ معلق کیا جسے وہ چاہتا ہے جیسے کہا کہ میرا فلاں غائب مل جائے تو اسکو بھی پورا کرنا ضروری ہے۔

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

جامعۃ المدینہ فیضان بہار مدینہ

☆اگر ایسی شرط تھی جسے وہ پسند نہیں کرتا جیسے کہا کہ اگر میں زناء کروں تو میں روزہ رکھوں گا تو ایسی صورت میں اگر چاہے تو پوری کرے یا کفاری دے۔

۱۴)اگر کسی نے گھر میں نہ داخل ہونے کی قسم کھائی تو کس صورت میں حانث ہو گا اور کس صورت میں نہیں ہو گا؟

۱۴)اگر حالف سائبان میں ساخل ہوا تو حانث ہو جائے گا اور اگر کعبہ، مسجد، یہودیوں کی عبادت گاہ، یا گھر کی دہلیز یا گھر کے دروازے کے پیچھے کھڑا ہوا تو حانث نہ ہو گا کیونکہ بیت اسے کہتے ہیں جہاں رات گزاری جاسکے۔

۱۵)اگر کسی نے قسم کھائی کہ دار میں داخل نہ ہوؤں گا تو کس صورت میں حانث ہو گا اور کس صورت میں حانث نہ ہو گا؟

۱۵)اس کی ۲ صورتیں ہیں۔

﴿۱﴾اگر کسی نے اشارہ کئے بغیر کہا تو اگر ویران گھر میں داخل ہوا تو حانث نہ ہو گا۔

﴿۲﴾اگر کسی نے قسم کھائی اشارہ کر کے (لا یدخل هذه دارا) تو اب اگر وہ ویران گھر میں داخل ہو گا یا اس جگہ دوسرا گھر بننے کے بعد یا گھر کی چھت پر ٹھرا تو حانث ہو جائے گا۔

۱۶)اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ گھر میں داخل نہیں ہو گا اور وہ اسی گھر میں موجود تھا۔ حکم اور آئمہ کرام کا مؤقف لکھیں؟

۱۶)امام رازی کے نزدیک حانث ہو جائے گا کیونکہ ٹھرنا پایا گیا ہے، اگرچہ تھوڑی دیر ہی ہو۔

امام اعظم کے نزدیک قسم کے بعد فوراً نکلنا ضروری ہے، اگر ذرا سا بھی ٹھرا تو حانث ہو جائے گا۔ کیونکہ قسم پورا کرنے کے لئے ہوتی ہے اور پورا کرنے والا زمانہ مستثنیٰ ہوتا ہے، لہٰذا اگر فوراً نکلا تو حانث نہیں ہو گا۔

۱۷)اگر کسی نے قسم اٹھائی کہ وہ اس گھر میں نہیں رہے گا تو کس صورت میں حانث ہو گا اور کس صورت میں حانث نہ ہو گا؟

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

۱۷)امام اعظم کے نزدیک اگر اپنے اہل وعیال اور تمام کا تمام سامان نکال لیا تو حانث نہیں اگر ایک کیل برابر چیز رہ گئی تو حانث ہو جائے گا۔

امام ابویوسف کے نزدیک اگر اکثر سامان نکال لیا تو حانث نہ ہو گا۔

امام محمد کے نزدیک اگر ضروری سامان نکال لیات حانث نہیں ہو گا یہ قول زیادہ حسن، اور اگر یہ قسم کھائی کہ اس شہر یا بستی میں نہیں رہے گا تو اب اہل وعیال اور سامان کو ساتھ لے کر جانا شرط نہیں۔

۱۸)اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ اس گھر سے خارج نہ ہو گا تو حانث ہونے اور نہ ہونے کا حکم بتائیں؟

۱۸)☆اگر اسی کے حکم سے اسے باہر نکالا گیا تو حانث ہو جائے گا۔

☆ور اگر مجبوراً نکالا گیا تو حانث نہ ہو گا۔

☆اور اگر اس نے حکم نہیں دیا لیکن وہ نکالے پر خوش ہے تو بھی حانث نہ ہو گا۔

۱۹)اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ صرف جنازے کے لیے نکلے گا تو کیا حکم ہے؟

۱۹)اگر نکلا تو جنازے کے لیے لیکن دوسرے کام کی طرف بھی نکل گیا تو کیا حکم ہے۔

۲۰)اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ مکے کی طرف نہیں جائے گا تو کیا حکم ہے؟

۲۰)اگر مکے کے لئے نکلا لیکن راستے سے واپس چلا گیا تو حانث ہو جائے گا کیونکہ نکلنا تو پایا گیا ہے۔

۲۱)اگر کسی نے قسم کھائی کہ (لا یاءتی مکۃ) تو کیا حکم ہے؟

۲۱)اگر مکے میں داخل ہو گا تو ہی حانث ہو گا۔

۲۲)اگر کسی نے قسم کھائی کہ ضرور مکے میں جائے گا تو کس صورت میں حانث ہو گا؟

۲۲)اگر نہ گیا تو حانث نہ ہو گا لیکن آخری زندگی میں حانث ہو جائے گا۔

۲۳)اگر حلف اٹھایا کہ (لا یخرج الا باذن) تو بغیر اجازت جانے سے حانث ہو گا یا نہیں؟

۲۳)ایسی صورت میں ہر مرتبہ اجازت لینا ضروری ہے۔

۲۴)اگر قسم کھائی کہ بریانی نہیں کھاؤں گا تو سبزی کھانے سے حانث ہو گا یا نہیں؟

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

۲۴)صرف بھنا ہوا گوشت کھانے سے حانث ہو جائے گا جبکہ بھنے ہوئے بیگن یا گاجر کھانے سے حانث نہیں ہو گا۔
۲۵)والطبیخ بما طبخ من الحم۔۔۔۔اس عبارت کو واضح کریں؟
۲۵)اگر کسی نے قسم کھائی کہ بھنا ہوا گوشت نہیں کھاؤں گا اور اگر گوشت کا سالن کھالیا تو حانث ہو جائے گا۔
۲۶)اگر کسی نے قسم کھائی کی سیر ی نہیں کھاؤں گا تو کب حانث ہو گا؟
۲۶)اس شہر کے تنّوروں میں جو پکا کر کھائی جاتی ہے اگر وہ کھائے گا تو حانث ہو جاے گا ورنہ نہ ہو گا۔
۲۷)اگر قسم کھائی کہ اس آٹے کو نہیں کھاؤں گا تو کیا حکم ہے؟
۲۷)یہ قسم روٹی پر محمول ہو گی، اگر اس آٹے کی روٹی کھاے گا تو حانث ہو جاے گا اگر ویسی آٹا پھانک لے گا تو حانث نہ ہو گا۔
۲۸)اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ درخت یا اس گندم سے نہ کھاے گا تو کس صورت میں حانث ہو گا؟
۲۸)درخت کھانے سے مراد اس کا پھل ہے، اور عند الامام اعظم اگر گندم چبا کر کھائے گا تو حانث ہو جاے گا، اور عند الصاحبین گندم کی روٹی یا کوئی اور چیز کھانے سے حانث ہو گا۔
۲۹)والشحم بشحم البطن۔۔۔اس کی وضاحت کریں؟
۲۹)اگر کسی نے قسم کھائی کہ چربی نہیں کھاؤں گا تو عند الامام اعظم اگر پیٹ کی چربی کھائی تو حانث ہو گا اور عند الصاحبین اگر پیٹھ کی بھی کھائے تو بھی حانث ہو گا۔
۳۰)اگر روٹی نہ کھانے کی قسم کھائی تو کس آٹے کی روٹی مراد ہو گی؟
۳۰)گندم یا جَو کی روٹی مراد ہو گی، اگر چاول کے آٹے کی روٹی کھائی تو حانث نہ ہو گا۔
۳۱)اگر کسی نے قسم کھائی کہ میوہ نہ کھاؤں گا تو کیا حکم ہے؟
۳۱)عند الامام سیب، آلو بخارہ، اور خربوزہ کھانے سے حانث ہو جائے گا، جبکہ انگور، انار، تازہ کھجور، ککڑی اور کھیرا کھانے سے حانث نہ ہو گا، عند الصاحبین انگور، انار اور کھیرا کھانے سے بھی حانث ہو جائے گا۔
۳۲)اگر قسم کھائی کہ نہر سے پانی نہیں پیوں گا تو کیا حکم ہے؟

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

۳۲)عند الامام منہ لگا کر پیے گا تو حانث ہو گا کیونکہ اشرب من النھر میں من ابتدائے غایت کے لیے ہے، جبکہ عند الصاحبین مِن تبعیض کے لئے ہے یعنی تقدیری عبارت یہ ہے (لا یشرب من مائہ) اگر بغیر منہ لگا کر پئے گا تو حانث ہو جاے گا۔

۳۳)اگر کسی نے اپنی قسم میں لفظ (قریب) بولا تو اس سے کتنا قریب مراد ہے؟

۳۳)یہ ایک مہینے سے کم پر محمول ہو گا۔

۳۴)اگر کسی نے قسم کھائی کہ میں سالن نہیں کھاؤں گا تو کیا حکم ہے؟

۳۴)شوربہ دار چیز کھائے گا تو حانث ہو جائے گا بھنا ہوا گوشت کھائے گا تو حانث نہ ہو گا۔

۳۵)ولا یحنث فی لا یا کل من ھٰذا البسر فا کلہ رطبہ او من ھٰذا الرطب او اللبن۔۔۔۔وضاحت کریں؟

۳۵)اگر کسی نے حلف اٹھایا کہ میں اس کچی کھجور کو نہیں کھاؤں گا اور پھر پکنے کے بعد کھالی یا کہا کہ اس تر کھجور کو نہیں کھاؤں گا اور کچی کھالی یا کہا کہ اس دودھ کو نہیں پیوں گا لیکن اس سے بنی پنیر کھالی تو حانث نہ ہو گا۔

۳۶)اولحماً فا کل سمکا۔۔۔۔وضاحت کریں؟

۳۶)اگر قسم اٹھائی کہ گوشت نہیں کھاؤں گا لیکن مچھلی کھالی تو حانث نہ ہو گا۔

۳۷)وحنث لو حلف لا یا کل رطباً فا کل مذنباً۔۔۔۔۔وضاحت کریں؟

اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ کچی کھجور یا پکی کھجور یا کچی پکی دونوں کھجور نہ کھائے گا، تو اگر اس نے نیم پکی کھجور کھالی تو عند الامام حانث ہونا ہو جائے گا کیونکہ مذنب ایسی کھجور ہے جس کا بعض پکا اور بعض کچا ہوتا ہے۔

۳۸)اگر کسی نے گوشت نہ کھانے کا حلف لیا تو کیا جگر کھانے سے حانث ہو گا یا نہیں؟

۳۸)اگر اوجھڑی یا سور یا انسان کا گوشت کھائے گا تو حانث ہو جاے گا اور بعض فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ اوجھڑی یا جگر کھانے سے حانث نہ ہو گا۔

۳۹)غداء، عشاء اور سحری کے کھانے کی تعریف کریں؟

۳۹)غداء صبح کا ناشتہ، یہ طلوع فجر سے ظہر تک ہوتا ہے۔

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

جامعۃ المدینہ فیضان بہار مدینہ

عشاء ظہر سے نصف لیل تک۔
سحر نصف الیل سے فجر تک۔

۴۰)لَو ضم ثوباً او طعاماً او شراباً۔۔۔عبارت کی وضاحت کریں؟

۴۰)اگر کسی نے قسم کھائی کہ نہ کھاؤں گا نہ پیوں گا نہ پہنوں گا اور ان تمام کے الفاظ ذکر کر کے معین بھی کیا تو دیانۃ اسکی تصدیق کی جائے گی قضاءً نہیں۔

۴۱)اگر کسی نے قسم کھائی کہ میں ضرور آسمان پر چڑھوں گا یا اس پتھر کو سونا بناؤں گا یا فلاں کو قتل کروں گا اور وہ اسکی موت کو بھی جانتا ہے۔۔۔احناف اور امام زفر کا مؤقف ذکر کریں؟

۴۱)احناف تینوں صورتوں میں حانث ہو جائے گا کیونکہ تینیوں کو پورا کرنا فی نفسہ ممکن ہے، اور اگر اس کے مرنے کا علم نہیں تو حانث نہ ہو گا۔

امام زفر یہ قسمیں منعقد ہی نہیں ہو گی کیونکہ ان کو پورا کرنا ممکن نہیں۔

۴۲)اگر کسی نے قسم کھائی کہ اپنی بیوی کو نہیں ماروں گا تو اگر اسکا گلی دبا دیا تو کیا حکم ہے؟

۴۲)بال کھینچے یا گلا دبایا یا دانت کاٹے تو حانث ہو جائے گا۔

۴۳)اگر کسی نے قسم کھائی کہ میں زیور نہیں پہنوں گا تو کیا حکم ہے؟

۴۳)اگر زیور نہ پہننے کی قسم کھائی تو پھر سونے کی انگھوٹی پہنی تو حانث ہو جاے گا، چاندی کی پہننے سے حانث نہ ہو گا / صاحبین کے نزدیک موتیوں کا ہار پہننا جس پر سونا نہیں لگا تو حانث ہو جائے گا اسی پر فتویٰ ہے۔

۴۴)اگر بچھونے پر نہ سونے کا حلف اٹھایا تو کیا حکم ہے؟

۴۴)اگر اس بچھونے پر چادر رکھ کے سویا تو حانث ہو جائے گا اگر اسی پر دوسرا بچھونا بچھا کر سویا تو حانث نہ ہو گا۔

۴۵)اگر قسم کھائی کہ یہ کام کروں گا اور نہیں کیا تو کیا حکم ہے؟

۴۵)اگر کرنے کی قسم کھائی تو اس کو ایک بار کرنے پر محمول کیا جائے گا اور نہ کرنے کی قسم کھائی تو ہمیشہ نہ کرنے پر محمول کیا جاے گا۔

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

۴۶)بعلی المشی الی بیت اللہ او الکعبۃ اوبعلی الخروج او الذہاب الی بیت اللہ۔۔۔۔۔۔وضاحت کریں؟

۴۶)عند الامام اگر حلف اٹھایا کہ میں کعبے کی طرف چل کر جاؤں گا تو اس پر چل کر حج یا عمرہ کرنا واجب ہے اگر سوار ہوا تو دم واجب ہے، اگر کہا کہ میں بیت اللہ کی طرف نکلوں گا یا جاؤں گا تو کچھ بھی واجب نہیں۔

عند الصاحبین دوسری صورت میں بھی چل کر حج یا عمرہ واجب ہے۔

۴۷)اگر کسی نے قسم کھائی کہ اس سال حج پر نہ گیا تو میرا غلام آزاد ہے۔۔۔مکمل مسئلہ تحریر کریں؟

۴۷)حالف اگر حج پر نہ گیا اور پھر حج کا دعویٰ کیا اور اسے کوفہ میں نہر کرنے کی دو گواہوں نے گواہی بھی دی، تو امام اعظم اور امام ابو یوسف کا مؤقف ہے کہ غلام آزاد نہ ہو گا۔

امام محمد کے نزدیک غلام آزاد ہو جائے گا، کیونکہ ان گواہوں نے کوفہ میں قربانی کی گواہی دی ہے، جس سے معلوم ہوا کہ اس نے حج نہیں کیا اور حج نہ کرنا یہ آزادی کی شرط ہے۔

شیخین کی طرف سے امام محمد کو جواب ان کی گواہی نفی پر ہے اور نفی پر گواہی قبول نہیں ہوتی۔

صاحب شرح وقایہ کا مؤقف ایسی گواہی جس سے یقینی علم حاصل ہو وہ بمنزلہ اثبات کے لیے ہے /

۴۸)اگر روزہ نہ رکھنے کا حلف اٹھایا تو کیا حکم ہے؟

۴۸)اسکی ۲ صورتیں ہیں۔

☆اگر ایک ساعت کے لیے بھی روزے کی نیت کر لی تو حانث ہو جائے گا۔

☆اگر لفظ یوم ذکر کیا تو پورے دن کا روزہ رکھنے سے حانث ہو گا۔

۴۹)اگر حلف اٹھایا کہ نماز نہ پڑھوں گا تو حکم بتائیں؟

۴۹)ایک رکعت پڑھنے سے حانث ہو جائے گا اور ایک سے کم پڑھنے سے حانث نہ ہو گا۔

۵۰)زیف، نبھرجہ اور ستوقہ کی تعریف ذکر کریں؟

۵۰)زیف:وہ جسے بیت المال رد کر دے۔

مرتب:عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

جامعۃ المدینہ فیضان بہار مدینہ

نبھرجہ: وہ جسے تاجر رد کر دیں۔

ستوقہ: وہ جس میں کھوٹ زیادہ ہو۔

۵۱) اگر حلف اٹھایا کہ کلام نہیں کروں گا؟

۵۱) اگر اس سے سونے کی حالت میں کلام کیا اور وہ جاگ گیا تو حانث ہو جائے گا۔

۵۲) اگر کسی نے قسم کھائی کہ میں کلام نہیں کروں گا اور اس نے ذکر وغیرہ کیا تو کیا حکم ہے؟

۵۲) قران پڑھایا تحلیل یا تکبیر کہی، یہ نماز میں ہو یا غیر نماز میں تو احناف کے نزدیک حانث نہیں ہو گا کیونکہ یہ شرعاً و عرفاً کلام نہیں جبکہ شوافع کے نزدیک حانث ہو جائے گا کیونکہ حقیقۃً یہ کلام تو ہے لہٰذا حانث ہو جائے گا۔

۵۳) اگر حلف اٹھایا کہ لا یکلم عبدہ او صدیقہ او امراتہ او لا یدخل دارہ۔۔۔ حکم بتائیں؟

۵۳) اگر حلف اٹھایا کہ فلاں کے غلام سے یا دوست سے بات نہیں کروں گا یا فلاں کے گھر داخل نہیں ہوں گا، اگر یہ تمام اضافتیں ختم ہو گئیں یعنی فلاں کا غلام یا کا دوست نہ رہا اور پھر کلام کیا تو حانث نہ ہو گا، اور اگر اسم اشارہ کے ساتھ معین کیا اور اضافت ختم ہو گئی پھر کلام کیا تو حانث ہو جائے گا۔

۵۴) لفظ حین، زمان، الدھر، ایام اگر ان الفاظ کو قسم میں ذکر کیا کتنا زمانہ مراد ہو گا؟

۵۴) ☆ حین اور زمان اگر بغیر معین کئے ذکر کیا تو نصف سال مراد ہو گا،

☆ اگر دھر کو نکرہ ذکر کرے تو امام کے نزدیک اسکی کوئی مقدار نہیں، جبکہ صاحبین کے نزدیک نصف سال مراد ہو گا۔ اور اگر دہر کو معرفہ ذکر کیا تو اس سے تمام عمر مراد ہو گی۔

☆ ایام اگر نکرہ ذکر کیا تو اس سے ۳ دن مراد ہوں گے اگر ایام کثیرہ یا الایام یا الشھور یا السنون ذکر کیا تو اس سے دس دس دن مراد ہوں گے۔

۵۵) حد کیا ہے؟ اور محصن و غیر محصن کی حد بیان کریں؟

۵۵)زانی اگر محصن ہو یعنی آزاد مکلف مسلمان ہو اور وطی کر چکا ہو تو اسے سنسار کیا جائے یہاں تک کہ وہ مر جائے۔ پہلے گواہ سنگسار کرے اگر یہ مر جائے یا غائب ہو جائے یا انکار کر دے تو حد ساقط ہو جائے گی۔ پھر گواہوں کے بعد حاکم سنسگسار کرے پھر عام لوگ پھر اسے غسل کیا جائے پھر تکفین کی جائے پھر اسکی جنازہ پڑھی جائے۔ اگر زانی محصن نہ ہو تو اس کی حد یہ ہے کہ ۱۰۰ کوڑے مارے جائیں متوسط چوٹ سے اور کوڑے ایسے ہوں کہ اس سے سرے پر گناہ نہ ہو۔ مرد کے کپڑے اتار لئے جائیں گے سوائے سر چہرہ اور شرمگاہ کے، ہر قسم کی حد میں مرد کو کھڑا رکھا جائے گا اور جسم کے مختلف حصوں پر مارا جائے گا، اور کھینچ کر کوڑا نہ مارا جائے۔ بعض کے نزدیک کھینچ کر مارنے سے مراد یہ ہے کہ مارنے والا اپنا ہاتھ سر کے اوپر سے لے کر جائے، بعض کے نزدیک یہ ہے کہ کوڑا مار کر بدن سے کھینچتا ہوا لائے۔

۵۶)عورت کو کوڑے مارنے کا طریقہ بیان کریں؟

۵۶)عورت کو مارتے وقت کپڑے نہ اتارے جائیں سوائے روئی اور چمڑے کے لباس کے اور اسے بٹھا کر مارا جائے ، رجم کے وقت عورت کے لئے گڑھا کھودنا جائز ہے، لیکن مرد کے لئے جائز نہیں، اور کوڑے اور رجم کو جمع کرنا جائز نہیں۔ اسی طرح کوڑے اور جلا وطن کو جمع کرنا جائز نہیں۔ یہ ہمارا مذہب ہے۔

۵۷)زانی مریض اور حاملہ زانیہ کو رجم اور کوڑے کب لگائے جائیں گے؟

۵۷)زانی مریض ہو تو اس وقت اسے رجم کیا جائے گا اور ٹھیک ہونے کے بعد کوڑے لگائے جائیں گے اور حاملہ کے وضع حمل کے بعد رجم کیا جائے گا اور نفاس کے بعد کوڑے مارے جائیں گی۔

۵۸)اگر کسی نے چوپائے سے وطی کی یا پچھلے مقام سے وطی کی تو کیا حکم ہے؟

۵۸)چوپائے سے وطی کی صورت میں حد نہیں ہو گی لیکن اگر پچھلے مقام میں وطی کی تو اس میں اختلاف ہے۔

امام اعظم: لوطی پر حد قائم نہیں ہو گی۔

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

**دلیل**:اس کو زناء نہیں کہتے وجہ یہ ہے کہ صحابہ کے اندر اس حکم میں اختلاف رہا ہے، بعض نے اس کو جلانے کا اور بعض نے دیوار گرانے کا حکم دیا، بعض نے اسے دیوار سے گرانے کا حکم دیا، اور اوپر سے پتھر پھینکنے کا حکم دیا۔ امام کے نزدیک ان احکام ہی میں سے تعزیر کی جائے گی۔

**صاحبین و امام شافعی**:لوطی پر حد زناء قائم ہو گی کیونکہ اس میں زناء کی حقیقت موجود ہے۔

۵۹)غلام کی حد بیان کریں؟ نیز اسے حد کون لگائے گا؟

۵۹)غلام کو ۵۰ کوڑے مارے جائیں گے اور احناف کے نزدیک مالک حاکم کی اجازت کے بغیر حد نہ لگائے، جبکہ شوافع کے نزدیک لگا سکتا ہے۔

۶۰)شبہ کی اقسام لکھیں؟ نیز کیا شبہ سے حد ساقط ہو جاتی ہے یا نہیں؟

۶۰)شبہ کی دو اقسام ہیں۔

☆شبہ فی الفعل۔

☆شبہ فی المحل۔

نیز شبہ سے حد ساقط نہیں ہوتی۔

۶۰)ایسے لفظ لکھیں جو کسی مسلمان کو بولنے پر تعزیر لازم نہ ہو؟

۶۰)اگر کوئی مسلمان کو کہے۔۔۔او گدھے، کتے، اے پاٹھا، او بندر، اے نائی، اے نائی کے بیٹے، حالانکہ اس کا باپ نائی ہے، اے زناء کی کمائی کھانے والے، اے بے وقوف، اے ٹھٹے باز، اے مسخرے، تو ان سب صورتوں میں تعزیر لازم نہیں ہو گی۔

۶۱)تعزیر کو واجب کرنے والے الفاظ لکھیں؟

۶۱)اگر کوئی شخص غلام یا کافر پر زناء کی تہمت لگائے، یا مسلمان کو ان الفاظ سے گالی دے جیسے کہے کہ اے فاسق، اے کافر، اے خبیث، اے چور، اے بدکار، اے ہیجڑے، اے دغاباز، نا ے لونڈے باز، اے بے دین، اے



جامعۃ المدینہ فیضان بہار مدینہ

لٹیرے، اے دیّوث، اے شرابی، اے سود خور، اے رنڈی، اے فاحشہ کے لڑکے، اے سود خور، اے بدکاروں کے اڈے دار، اے بچے باز، اے حرام زادے، تو ان سب صورتوں میں تعزیر لازم ہو گی۔

۶۲) تعزیر کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں؟

۶۲) تعزیر یہ عزر سے بنا ہے اس کا لغوی معنٰی ہے روکنا یا سزا دینا۔

س اصطلاحی معنٰی ہے: وہ سزا جو حد سے کم ہو۔

اس کی زیادہ مقدار ۳۹ کوڑے اور کم سے کم مقدار ۳ کوڑے ہیں۔

۶۳) احناف اور ابو یوسف کے نزدیک تعزیر کی سزا کے بارے میں اختلاف لکھیں؟

۶۳) عند الاحناف: تعزیر کی مقدار ۴۰ کوڑے ہیں، کم سے کم مقدار ۳ کوڑے ہیں۔ کیونکہ انہوں نے غلام کی سزا کا اعتبار کیا ہے۔

عند الابو یوسف: تعزیر کی زیادہ سے زیادہ مقدار ۷۵ سے ۷۹ کوڑے ہیں، کیوں کہ انہوں نے آزاد کی سزا کا اعتبار کیا ہے۔

**تمت بالخیر**

مرتب: عبد الرحیم عطاری درجہ خامسہ

جامعۃ المدینہ فیضان بہار مدینہ